**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
**Central Media Department**

# پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

30نومبر2023

## پاکستان تحریک کی کور کمیٹی کے خصوصی اجلاس میں انٹرا پارٹی الیکشنز کی تیاریوں کے حوالے سے مفصل بریفنگ

- کور کمیٹی کی جانب سے انٹرا پارٹی انتخابات کی تیاریوں پر اطمینان کا اظہار

## چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی جانب سے بطور عبوری چیئرمین نامزدگی پر بیرسٹر گوہر علی خان کو مبارکباد

- انٹرا پارٹی انتخابات میں کامیابی اور بعد ازاں بانی چیئرمین عمران خان کے ویژن کی روشنی میں جماعتی امور کی انجام دہی کے حوالے سے بیرسٹر گوہر علی خان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار
- بیرسٹر گوہر علی خان کی نامزدگی جماعت کی صفوں میں تقسیم و انتشار کا تاثر قائم کرنے کی سوچی سمجھی کاوشوں پر کاری ضرب قرار
- بانی چیئرمین عمران خان کے موروثی سیاست کے خاتمے اور پارٹی کو ادارہ بنانے کے ویژن کی تائید و توثیق ہوئی ہے۔
- بانی چیئرمین عمران خان کے اہلِ خانہ کو بے جا سیاست میں گھسیٹنے اور جماعتی معاملات میں مداخلت یا فیصلہ سازی پر اثر انداز ہونے کا جھوٹا، من گھڑت اور سازشی بیانیہ اپنی موت آپ مر چکا ہے۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

- نہایت غیر معمولی حالات میں نہایت اہم منصب پر جماعت کے ایک محنتی، وفاشعار اور قابل کارکن کی نامزدگی بانی چیئرمین کے جماعت کے حوالے سے ویژن کی بے مثال عملی نظیر ہے۔

**نیازاللہ نیازی کی بطور چیف الیکشن کمشنر پاکستان تحریک انصاف تعیناتی پر مبارکباد**

- نیاز اللہ نیازی کی جانب سے بطور چیف الیکشن کمشنر طے شدہ شیڈیول کے مطابق انٹرا پارٹی انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے نیک تمناؤں کا اظہار
- مکمل اتحاد و یگانگت سے یک جان ہو کر اپنے حقیقی اہداف کی جانب بڑھیں گے اور بانی چیئرمین عمران خان کی قیادت میں قومی انتخابات میں بے مثال کامیابی کے ذریعے آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور ملک کی حقیقی آزادی کی تاریخی جدوجہد کو منزل سے ہمکنار کریں گے۔

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk